# باتوں باتوں میں تفریق


- عائشہ نے ۵۴ موتی لائے تھے۔ مالا بنانے کے بعد اس کے پاس ۲۱ موتی باقی بچے تو بتاؤ اس نے مالا میں کتنے موتی پروئے؟

کیا دیا ہوا ہے؟ ۵۴ موتی لائے، ۲۱ موتی باقی بچے۔

کیا پوچھا گیا ہے؟ کتنے موتی پروئے گئے؟

کیا کریں گے؟ تفریق

| | اکائی | دہائی |
|---|---|---|
| موتی لائے گئے | ۴ | ۵ |
| موتی باقی بچے | ۱ | – ۲ |
| موتی پروئے گئے | ۳ | ۳ |



- اوپر دیے ہوئے طریقے سے تفریق کرو۔

| اکائی | دہائی |
|---|---|
| ۸ | ۹ |
| ۰ | – ۴ |
| | |

| اکائی | دہائی |
|---|---|
| ۷ | ۶ |
| ۴ | – ۳ |
| | |

| اکائی | دہائی |
|---|---|
| ۷ | ۳ |
| ۵ | – ۲ |
| | |

| اکائی | دہائی |
|---|---|
| ۷ | ۲ |
| ۳ | – ۱ |
| | |

- آنند نے کہانیوں کی ۲۸ کتابیں پڑھیں۔ ساگر نے ۱۴ کتابیں پڑھیں تو آنند نے ساگر سے کتنی کتابیں زیادہ پڑھیں؟
- سدھیر کے پاس ۴۶ گوٹیاں تھیں۔ اس میں سے ۱۲ گوٹیاں گُم ہوگئیں تو بتاؤ اب اس کے پاس کتنی گوٹیاں باقی بچیں؟
- ایک ٹوکری میں ۵۸ سدا بہار کے پھول اور ۳۲ جاسندی کے پھول ہیں تو بتاؤ سدا بہار سے جاسندی کے پھول کتنے کم ہیں؟
- ایک ٹوکری میں ۱۶ کیلے تھے۔ متین نے کچھ اور کیلے ٹوکری میں رکھے تو ۲۹ کیلے ہوئے تو بتاؤ متین نے ٹوکری میں کل کتنے کیلے رکھے ہوں گے؟

ZKWCSB